**18.08.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
Music

.............................................................................

- ☆ سپریم کورٹ نے کولکتہ میں عصمت دری اور قتل معاملے کا ازخود نوٹس لیا ہے۔ معاملے کی سماعت منگل کو ہوگی۔
- ☆ حکومت نے ملک میں Mpox کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی ہے۔ ریاستوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ نگرانی میں اضافہ کریں۔
- ☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور کویت کے درمیان ساجھے داری میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انھوں نے کویت میں اعلیٰ قیادت سے ملاقات کی۔
- ☆ اترپردیش کے بلندشہر میں سڑک کے ایک حادثے میں دس افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔
- ☆ اور کولکتہ میں موہن بگان اور ایسٹ بنگال کے درمیان Durand Cup فٹبال میچ سلامتی وجوہات کے سبب منسوخ کردیا گیا ہے۔

.............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***SC Kolkata DOC CASE***

سپریم کورٹ نے کولکتہ میں عصمت دری اور قتل معاملے کا ازخود نوٹس لیا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ، جسٹس JB Pardiwala اور جسٹس منوج Misra پر مشتمل ایک بینچ منگل کو اِس معاملے کی سماعت کرے گی۔ کولکتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے ایک سیمینار ہال میں اِس مہینے کی 9 تاریخ کو ایک پوسٹ گریجویٹ ٹرینی ڈاکٹر کی مبینہ طور پر عصمت دری کی گئی تھی اور قتل کردیا گیا تھا۔ اس واقعے کے ایک دن بعد کولکتہ پولیس نے اِس کیس کے سلسلے میں ایک Civic رضاکار کو گرفتار کیا ہے۔ اِس واقعے کے خلاف ملک گیر احتجاج ہوئے ہیں اور ملک بھر کے ڈاکٹروں نے اِس معاملے میں شامل افراد کے خلاف کارروائی کی مانگ کی ہے۔
13 اگست کو کلکتہ ہائی کورٹ نے CBI کو ہدایت دی تھی کہ وہ اِس معاملے کی چھان بین اپنے ہاتھ میں

لے لے۔ ہائی کورٹ نے متاثرہ کے والدین اور دیگر افراد کی جانب سے دائر کی گئی عرضداشتوں پر کارروائی کرتے ہوئے یہ حکم دیا تھا۔ اِس دوران، ہائیکورٹ نے 14 اگست کو احتجاج کے دوران، RG Kar اسپتال میں توڑ پھوڑ کی کارراوئیوں کیلئے مغربی بنگال کے حکام کی سرزنش کی تھی۔x

## ***IMA PM Letter***

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن، IMA نے وزیر اعظم نریندر مودی کو R.G. Kar میڈیکل کالج واقعے پر ایک خط لکھا ہے اور اس سلسلے میں ان کی مداخلت کا مطالبہ کیا ہے تا کہ طبی اہلکاروں کے خلاف تشدد سے نمٹنے کیلئے مرکزی قانون لایا جاسکے۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے سبھی اسپتالوں کے حفاظتی انتظامات کو ہوائی اڈوں کی طرز پر ترتیب دینے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ IMA نے مزید کہا کہ اسپتالوں کو محفوظ زون قرار دیا جائے جہاں سیکورٹی کا ٹھوس انتظام ہو۔ وزیر اعظم کو تحریر کردہ اپنے مکتوب میں IMA نے معاملے کی پیشہ ورانہ طور پر مقررہ مدت میں باریک بینی سے جانچ کی درخواست کی ہے اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ IMA نے متاثرہ کے کنبے کیلئے مناسب معاوضہ دینے اور ڈاکٹروں کے کام کے حالات کو بہتر بنانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ x

## ***Centre M-Pox Review***

وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا نے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی، جس میں ملک میں M-Pox کی تیاریوں کی صورتحال اور صحت عامہ سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی M-Pox کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر مشرا نے ریاستوں کو ہدایت دی کہ وہ نگرانی کے عمل میں اضافہ کریں اور کیسز کا فوری پتہ لگانے کیلئے مؤثر اقدامات کریں۔ انھوں نے مزید ہدایت دی کہ جانچ کرنے والی لیباریٹریوں کے نیٹ ورک کو جلد تشخیص کیلئے تیار کیا جائے۔ اِس وقت 32 لیباریٹریاں اِس کی جانچ کیلئے تیار ہیں۔ ڈاکٹر مشرا نے کہا کہ اس بیماری کی روک تھام اور علاج کے پروٹوکول کو بڑے پیمانے پر پھیلایا جانا چاہیے۔

انھوں نے حفظانِ صحت فراہم کرنے والوں میں بیماری کی علامات اور اِس کے بارے میں بیداری مہم چلانے اور نگرانی نظام کو بروقت نوٹیفکیشن دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

میٹنگ کے دوران مطلع کیا گیا کہ ابھی تک ملک میں M-Pox کا کوئی معاملہ سامنے نہیں آیا ہے۔ موجودہ جائزے کے مطابق بڑے پیمانے پر اِس بیماری کے پھیلنے کا خطرہ نہایت کم ہے۔ M-Pox کا انفیکشن عام طور پر دو سے چار ہفتوں تک محدود رہتا ہے۔ M-Pox کے مریض عام طور پر معاون طبی دیکھ بھال اور انتظام سے صحتیاب ہوجاتے ہیں۔ M-Pox کی بیماری متاثرہ مریض کے ساتھ طویل اور قریبی رابطے سے ہوتی ہے۔

عالمی صحت ادارے WHO، افریقہ کے بہت سے علاقوں میں اِس بیمارے کے پھیلنے کے پیش نظر 14 اگست کو M-Pox کو بین الاقوامی تشویش کی حامل صحت عامہ کی ایمرجنسی قرار دے چکی ہے۔ x

## Defence Minsiter Marine

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج بھارتی ساحلی محافظ دستہ ICG کے علاقائی ہیڈکوارٹرس، چینئی میں ریجنل Marine Pollution Response سینٹر کا افتتاح کیا۔ یہ سینٹر، خطے کے اندر ممالک کے درمیان تال میل کی سہولت فراہم کرے گا تاکہ تیل کے رساؤ کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ایک متفقہ نقطۂ نظر کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزیر موصوف نے پدوچیری میں Air Enclave CG کا بھی افتتاح کیا۔ یہ حکمت عملی کے لحاظ سے چینئی اور Karaikal کے درمیان واقع ہے۔ اِس سے اِس اہم سمندری علاقے میں نگرانی کو بڑھایا جاسکے گا۔ x

## Chirag Paswan Interview

خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر چراغ پاسوان نے کہا ہے کہ خوراک کو ڈبّہ بند کرنے کے شعبے میں کسانوں کی آمدنی بڑھانے، ریاستی محصول میں اضافہ کرنے اور نوجوانوں کیلئے روزگار پیدا کرنے کے بھر پور امکانات موجود ہیں۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی انٹرویو میں جناب پاسوان نے کہا کہ ورلڈ فوڈ انڈیا فیسٹول، اگلے مہینے کی 19 تاریخ سے شروع ہوگا۔

2100- Chirag Paswan- Cut-1

## FSSAI Food

بھارت کی خوراک کے تحفظ اور معیارات کی اتھارٹی FSSAI نے کھانے پینے کی اشیا میں Microplastic کی ملاوٹ پر بڑھتی ہوئی تشویش سے نمٹنے کیلئے ایک اختراعی پروجیکٹ کا آغاز کیا ہے۔ Microplastic کی ملاوٹ کو ایک ابھرتا ہوا خطرہ تسلیم کرتے ہوئے اِس سال مارچ میں یہ پروجیکٹ شروع کیا گیا تھا تاکہ مختلف غذائی اشیا میں مائیکرو اور Nano پلاسٹک کا پتہ لگانے کیلئے طریقۂ کار تیار کیا جاسکے۔

## Rev Jaishankar Kuwait

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کویت کے ولیٔ عہد Sheikh Sabah Al-Khaled Al-Sabah Al-Hamad Al-Mubarak Al-Sabah سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور کویت کے درمیان خیرسگالی اور دوستی کے صدیوں پرانے رشتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان موجودہ ساجھے داری میں مسلسل توسیع ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے رشتوں کو اعلیٰ سطح پر لے جانے میں رہنمائی اور بصیرت کیلئے ولیٔ عہد کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کویت کے وزیر اعظم Sheikh Ahmed Abdullah Al-Ahmed Al-Jaber Al-Sabah سے بھی ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے بھارت اور کویت کے درمیان رشتوں کو مستحکم کرنے سے متعلق ان کے نقطۂ نظر کی ستائش کی۔

ڈاکٹر جے شنکر سرکاری دورے پر آج کویت پہنچے ہیں۔ کویت کے ان کے ہم منصب Abdullah Ali Al-Yahya نے ان کا خیرم مقدم کیا۔ دورے کے دوران دونوں فریق، دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کے

مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے جس میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سلامتی اور ثقافتی امور اور قونصلر اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات شامل ہیں۔ دونوں فریق باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔x

پیش ہے ایک رپورٹ..................

## VC

بھارت- کویت تعلقات کو مزید وسعت دینے کے قدم کے طور پر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، کویت کا سرکاری دورہ کر رہے ہیں۔ اُن کی آمد پر کویت کے وزیر خارجہ عبد اللہ علی اَل یحییٰ نے اُن کا پُر جوش خیر مقدم کیا۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ کویتی قیادت کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔ اپنے دورے کے دوران جناب جے شنکر نے کویت کے وزیر اعظم شیخ احمد عبد اللہ اَل احمد الجابر اَل صباح سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جناب جے شنکر نے نریندر مودی کی جانب سے کویت کے وزیر اعظم کیلئے نیک خواہشات پیش کیں اور دونوں ملکوں کے بڑھتے تعلقات کو نئی جہت عطا کرنے کیلئے وزیر اعظم کے عزائم سے اُنھیں واقف کرایا۔

بات چیت کے دوران اقتصادی تعاون میں اضافے کے امکانات پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا، جو دو طرفہ تعلقات کی مضبوط بنیاد پر تعمیر کے باہمی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## UP Accident

اترپردیش میں ایک بس حادثے میں 10 افراد ہلاک اور 37 زخمی ہوگئے ہیں۔ بلند شہر میں آج ایک بس، pickup گاڑی سے ٹکرا گئی۔ زخمیوں کو قریبی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے، جبکہ چار شدید طور پر زخمی افراد کو میرٹھ میڈیکل کالج منتقل کر دیا گیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے حکام کو زخمیوں کو فوری مناسب علاج فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے۔ بلند شہر کے ضلع مجسٹریٹ نے بتایا کہ غازی آباد میں Bread تیار کرنے والی ایک کمپنی کے ورکرس رکشا بندھن کا تہوار منانے کیلئے غازی آباد سے pickup ٹرک میں علی گڑھ ضلعے کے رائے پور گاؤں جا رہے تھے۔ x

## RRTS Meerut

نمو بھارت ٹرین، جسے ریپڈ ٹرین بھی کہا جاتا ہے اور جس کا عرصے سے انتظار تھا، نے آج ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم کے ساتھ میرٹھ ساؤتھ اور غازی آباد کے درمیان اپنا کام کاج شروع کر دیا ہے۔ ٹرین نے آج دوپہر تقریباً 2 بجے میرٹھ ساؤتھ اسٹیشن سے اپنا سفر شروع کیا اور صاحب آباد اسٹیشن تک 42 کلو میٹر کا فاصلہ صرف 32 منٹ میں طے کیا۔ اِس 8 کلو میٹر کے اضافی سیکشن کے ساتھ کُل 42 کلو میٹر پر محیط دلّی-غازی آباد- میرٹھ ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم، RRTS کوریڈور، اب پوری طرح کام کر رہا ہے۔ یہ کوریڈور غازی آباد کے صاحب آباد سے میرٹھ-ساؤتھ تک 9 اسٹیشنوں کا احاطہ کرتا ہے۔ نمو بھارت ٹرینیں صاحب آباد سے میرٹھ ساؤتھ تک پورے سیکشن پر

صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک مسافروں کیلئے دستیاب ہوں گی۔
صاحب آباد سے میرٹھ ساؤتھ ریلوے اسٹیشن تک کے سفر کا کرایہ معیاری کوچ میں 110 روپے سے لے کر premium کلاس کوچ کیلئے 220 روپے تک ہے۔ x

## Mukhmantri Mairya Samman Yojana

جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے آج ''مکھیہ منتری مائی سمّان یوجنا'' کا آغاز کیا۔ ریاست کے پاکُڑ ضلعے میں اسکیم کی شروعات کرتے ہوئے جناب سورین نے فائدے کی راست منتقلی، DBT کے ذریعے 57 ہزار 120 خاتون مستفیدین کے بینک کھاتوں میں فی کس ایک ہزار روپے کی پہلی قسط کی رقم منتقل کی۔ اسکیم پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیر اعلیٰ جناب سورین نے کہا کہ 21 سال سے50 سال تک کی ہر خاتون کو ہر مہینے فی کس ایک ہزار روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔ اس طرح ہر خاتون، سالانہ 12 ہزار روپے وصول کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے مزید کہا کہ 31 اگست سے پہلے سبھی مستفیدین کو ایک ہزار روپے منتقل کر دیئے جائیں گے۔ جناب سورین نے کہا کہ ستمبر کے مہینے سے سبھی مستفیدین کو مہینے کی 15 تاریخ تک رقم منتقل کر دی جائے گی۔ x

## Jharkhand Champai Soren

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ چمپئی سورین نے الزام لگایا ہے کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ میں اُن کی توہین کی گئی ہے۔ ایکس پر ایک جذباتی پوسٹ میں جناب سورین نے کہا ہے کہ جب ہیمنت سورین کو جیل سے رہا کیا گیا تو اُنھیں وزیراعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دینے پر مجبور کردیا گیا۔ جناب چمپئی سورین نے کہا کہ اُن کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے کیونکہ انھوں نے JMM کو مضبوط کرنے کیلئے قربانیاں دی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی نیت JMM کو نقصان پہنچانے کی نہیں ہے لیکن حالات نے اُنہیں دوسرے متبادل چننے پر مجبور کردیا ہے۔ JMM کے بانی شیبو سورین کے سرگرم نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے چمپئی سورین نے لکھا ہے کہ سپریمو جو مجھ سے سینئر ہیں اب خرابئ صحت کے سبب سیاست میں سرگرم نہیں ہیں لہٰذا میرے پاس کیا متبادل ہے؟اگر وہ سرگرم ہوتے تو شاید صورتحال مختلف ہوتی۔x

## Bhubaneshwar Dengue

قبائلی امور کے مرکزی وزیر Jual Oram کی اہلیہ Jhingia Oram کا اڈیشہ کے شہر بھوبنیشور کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں ڈینگو سے انتقال ہوگیا۔ اُن کی آخری رسوم آج سہ پہر Sundergarth ضلع میں جناب Oram کے آبائی گاؤں Kendudihi میں ادا کی گئیں۔ جناب Oram خود بھی ڈینگو سے متاثر ہیں اور اُنہیں اسی اسپتال میں داخل کیا گیا ہے اور کل وہ ایمس دلّی میں مزید علاج کیلئے جانے والے ہیں۔ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان، اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن Majhi اور بہت سی دیگر سرکردہ شخصیات نے Jhingia Oram کے انتقال پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

## Sikkim Nasha Mukt Bharat Abhiyaan

سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ Tamang نے رکشابندھن کے ایک خصوصی پروگرام کے دوران نشہ مکت بھارت ابھیان کا آغاز کیا۔ اِس کا اہتمام آج گینگٹاک میں Shakti Kund میں Brahma Kumaris کی جانب سے کیا گیا تھا۔ اِس مہم کا مقصد منشیات سے پاک معاشرہ قائم کرنا ہے۔ اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ نے نشہ مکت بھارت ابھیان کو روز مرہ کی زندگی سے منسلک کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے ہر ایک سے زور دے کر کہا کہ وہ منشیات کے خطروں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ایک ساتھ مل کر کام کریں اور اس کے خلاف لڑائی میں سرگرمی سے حصہ لیں۔x

## Raksha Bandhan

بھائیوں اور بہنوں کے درمیان خصوصی رشتے کا تہوار رکشابندھن ملک بھر میں کَل منایا جائے گا۔ اس موقع پر بہنیں، اپنے بھائیوں کی کلائی پر راکھی باندھتی ہیں اور ان کی خوشحالی اور صحت کیلئے دعا کرتی ہیں۔ اس کے عوض بھائی اپنی بہنوں کے تحفظ اور ان کی مدد کرنے کا عہد کرتے ہیں اور انہیں تحائف دیتے ہیں۔x

## Prez Raksha Bandhan

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے رکشا بندھن کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انھوں نے کہا ہے کہ رکشا بندھن بھائیوں اور بہنوں کے درمیان ایک منفرد رشتے کا تہوار ہے جو محبت اور آپسی اعتماد کے جذبے کو مضبوط کرتا ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار مذہبی اور ثقافتی حدوں سے بھی آگے جاتا ہے جو ملک کی کثرت میں وحدت کی علامت کا اظہار ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے کہا کہ یہ تہوار خواتین کے حقوق کے تحفظ کے تئیں ہمارے عزم کو مستحکم کرتا ہے۔x

## Durand Cup Match Cancelled

کولکاتہ میں آج ہونے والا Durand کپ ڈربی میچ ردّ کر دیا گیا ہے۔ CPRO ڈیفنس کی جانب سے جاری پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کولکاتہ کے وویکانند یُوبے بھارتی Krirangan میں آج موہن بگان سُوپر جائنٹس اور اِمامی ایسٹ بنگال FC کے درمیان کھیلے جانے والے میچ کو منسوخ کرنا پڑا۔

یہ فیصلہ ریاستی پولیس کی دیگر مصروفیات کی وجہ سے میچ کیلئے خاطر خواہ سیکورٹی فراہم نہ کر پانے کی وجہ سے لیا گیا۔133 ویں انڈین آئل ڈیورنڈ کپ کے گروپ۔ اے کے اِس مقابلے کا سبھی کو انتظار تھا۔

کوارٹر فائنل میچز، کوکرا جھاڑ، شیلانگ، جمشید پور اور کولکاتہ میں کھیلے جائیں گے۔

اِس طرح کی خبریں ملی تھیں کہ دونوں ٹیموں کے حامی شائقین حالیہ RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کی خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے معاملے پر احتجاج کرسکتے ہیں اور انصاف کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆